سوال

(173) نبی کریم ﷺ کی ذات گرامی پر درود کی بجائے ''صلعم'' کے ساتھ اشارہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نبی کریم ﷺ کی ذات گرامی پر صلوٰۃ وسلام کے بجائے حرف ''ص'' یا ''صلعم'' کے ساتھ اشارہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رسول اللہ ﷺ کی ذات گرامی پر صلوٰۃ وسلام کے الفاظ استعمال کرنے کی بجائے ان حروف کے ساتھ اشارہ کرنا غلط ہے۔ اگرچہ متاخرین کی کتابوں میں اس کا بکثرت استعمال ہے لیکن صحیح بات یہ ہے کہ صلوٰۃ وسلام کے الفاظ مکمل طور پر لکھے جائیں۔ تاکہ قاری بھی اسے پڑھ سکے۔ اور کاتب بھی لکھنے کا اجر وثواب حاصل کرسکے اور قاری بھی ثواب حاصل کرسکے۔ رمز کی صورت میں قاری یا تو اسے پڑھے گا ہی نہیں یا رمز ہی کے ساتھ پڑھے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص38